میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿ وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُم فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

جمعہ، 20 شعبان، 1437ھ | 27/05/2016 | نمبر: PR16033

28 مئی: یوم تکبیر کا پیغام

راحیل-نواز حکومت ہمارے ایٹمی ہتھیاروں کو محدود کرنے کے امریکی منصوبے پر عمل پیرا ہے

28 مئی 2016، یوم تکبیر، کو پاکستان کے مسلمانوں نے 1998 میں ایٹمی دھماکے کر کے پاکستان کی ایٹمی صلاحیت کا مظاہرہ کرنے کے دن کے طور پر منایا، جو کہ پوری مسلم دنیا کے لئے خوشی کا باعث تھا۔ یہ دن اس بات کا مظہر ہے کہ مسلمانوں کی موجودہ کمزور قیادت کے باجود مسلمانوں میں زبردست صلاحیت اور استعداد موجود ہے اور قیادت کے مقابلے میں وہ کہیں زیادہ ذہین اور ہوشیار ہیں۔ لیکن آٹھارہ سال گزر جانے کے بعد راحیل-نواز حکومت واشنگٹن میں بیٹھے اپنے آقاؤں کی خواہش کو پورا کرنے کے لئے ہماری انتہائی محنت سے حاصل کی گئی ایٹمی صلاحیت اور ہتھیاروں کو خطرات سے دوچار کر رہی ہے۔

راحیل-نواز حکومت نے پاکستان کو امریکی سربراہی میں چلنے والے سیکیورٹی، اسٹریٹیجک استحکام، ایٹمی عدم پھیلاؤ ورکنگ گروپ کے ساتھ مذاکرات کے جال میں پھنسا دیا ہے اوراس کے ساتھ ساتھ پاکستان کو امریکی سربراہی میں چلائے جانے والے نیوکلئیر سپلائر گروپ کا حصہ بنانے کی بھرپور کوشش کر رہی ہے۔ ان دونوں تنظیموں کے ذریعے امریکہ ہمارے ایٹمی پروگرام کی نگرانی، اس کو محدود اور بل آخر تباہ کرنے کے قابل ہوسکے گا۔ امریکہ نے اپنی وحشیانہ فطرت کا مظاہرہ جاپانیوں کے خلاف ہیروشیما اور ناگاساکی اور کئی کمزور مسلم ممالک کے خلاف کیا، لیکن وہ اس قسم کا وحشیانہ عمل پاکستان کے خلاف دہرانے کا سوچ بھی نہیں سکتا جب تک پاکستان کے پاس ایٹمی ہتھیار موجود ہیں۔ راحیل-نواز حکومت کا طرز عمل گھر کے اس چوکیدار کی طرح ہے جو گھر کی حفاظت کے لئے ہتھیار جمع کرتا ہے لیکن ان کی حفاظت اور دیکھ بحال کا کام اسی چور کے حوالے کر دیتا ہے جس سے بچنے کے لئے وہ ہتھیار جمع کیے تھے!

یہی وقت ہے کہ راحیل-نواز حکومت کو برطرف کر دیا جائے اور اس کی جگہ نبوت کے طریقے پر خلافت قائم کی جائے۔ پھر مسلمان خلیفہ راشد کی قیادت میں پاکستان کو صنعتی انقلاب سے ہمکنار کریں گے تا کہ وہ ان تمام کے خلاف زبردست فوجی برتری حاصل کر سکیں جو مسلمانوں سے شدید دشمنی رکھتے ہیں، چاہے وہ امریکہ ہو یا بھارت۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ فرماتے ہیں:

وَأَعِدُّوا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ وَمِنْ رِبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُونَ بِهِ عَدُوَّ اللَّهِ وَعَدُوَّكُمْ وَآخَرِينَ مِنْ دُونِهِمْ لاَ تَعْلَمُونَهُمُ اللَّهُ يَعْلَمُهُمْ

"تم ان کے مقابلے میں اپنی طاقت بھر قوت کی تیاری کرو اور گھوڑوں کے تیار رکھنے کی، کہ اس سے تم اللہ کے دشمنوں کو خوفزدہ رکھ سکو اور ان کے سوا دوسروں کو بھی جنہیں تم نہیں جانتے لیکن اللہ انہیں خوب جان رہا ہے" (الانفال:60)

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info
یوٹیوب: http://YouTube.com/HTmediaPAK
فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK4
ڈیلی موشن: https://DailyMotion.com/HTmediaPAK
ویب: www.hizb-pakistan.com
ای میل: HTmediaPAK@gmail.com
ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK